In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk

Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
**Office Press & Media**
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

( A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860 )

زیر حوالہ/Ref SPM-032

تاریخ/Date 24-4-2025

# احمدیہ مسلم جماعت کی جانب سے پہلگام دہشت گرد حملے کی شدید مذمت اور امن و بھائی چارے کو فروغ دینے کی اپیل

احمدیہ مسلم جماعت بھارت جموں وکشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے بہیمانہ دہشت گرد حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے، جس میں 27 قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں اور متعدد معصوم افراد زخمی ہوئے۔

یہ حملہ نہ صرف انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ مذہب، اخلاقیات اور انسانیت کی بنیادی اقدار کے بھی منافی ہے۔ احمدیہ مسلم جماعت اس سانحے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتی ہے اور شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لئے صبر وحوصلے کی دعا کرتی ہے۔ جماعت زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے بھی دعا گو ہے۔

جماعت احمدیہ ہر قسم کی دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف ہے اور ہمیشہ قیامِ امن، رواداری اور انسانیت کے تحفظ کے لئے آواز بلند کرتی رہی ہے۔ احمدیہ مسلم جماعت ہمیشہ سے اس مؤقف پر قائم ہے کہ دہشت گردی اور اسلام کا آپس میں کوئی تعلق نہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں واضح طور پر فرماتا ہے:

مَنۡ قَتَلَ نَفۡسًۢا بِغَيۡرِ نَفۡسٍ اَوۡ فَسَادٍ فِى الۡاَرۡضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيۡعًا ۔ (سورۃ المائدہ، آیت 32) یعنی ”جس نے ایک انسان کو قتل کیا، بغیر اس کے کہ اُس نے کسی کو قتل کیا ہو یا زمین میں فساد برپا کیا ہو، تو گویا اُس نے تمام انسانوں کو قتل کر دیا۔“

یہ آیت اسلام کے امن پسند پیغام کی بھرپور عکاسی کرتی ہے۔ ایک انسان کی جان لینا، تمام انسانیت پر حملہ تصور کیا گیا ہے۔

ہندوستان ایک ایسا خوبصورت گلدستہ ہے جہاں مختلف مذاہب، رنگ ونسل کے لوگ مل جل کر پیار و

محبت کے ساتھ رہتے ہیں۔ لیکن کچھ گمراہ کن عناصر وقتاً فوقتاً اس گلدستہ کو خراب کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ جماعت احمدیہ بھارت پہلگام میں ہوئے اس بہیمانہ دہشت گرد حملہ کی ایک مرتبہ پھر شدید مذمت کرتی ہے اور شہداء کے لواحقین کے لئے دلی ہمدردی اور صبر و حوصلے کی دعا کرتی ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمارے ملک و قوم کو ہر قسم کے فتنوں سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

---



انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت